سوال

(113) عورت کا خلع طلب کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ قریبا (6) ماہ ہوئے ہیں محمد بخش نے اپنی بیوی کو گھر سے نکال دیا ہے نہ خرچہ دیتا ہے اور نہ ہی طلاق دے رہا ہے۔ جب کہ بیوی طلاق اور خرچہ چاہتی ہے کیوں کہ اس کے چار چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اور وہ حاملہ بھی ہے اور حق مہر بھی لینا چاہتی ہے۔ اب گزارش یہ ہے کہ شریعت کے مطابق جو بھی فیصلہ یا حکم ہو اس سے آگاہ کیا جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

معلوم ہونا چاہئے کہ شریعت کے مطابق خرچہ خاوند کو دینا ہے اگر خاوند ظلم کرتا ہے تو عورت خاوند سے طلاق لے سکتی ہے اور اگر وہ حاملہ ہے تب بھی طلاق ہو سکتی ہے اور صغیر بچے ماں کے پاس رہیں جب تک بالغ نہ ہو جائیں اور خرچہ والد کو دینا ہے باقی حق مہر اس صورت میں لے سکتی ہے جب خاوند طلاق دے ورنہ دوسری صورت میں (یعنی خلع) میں مہر واپس نہیں لے سکتی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 457

محدث فتویٰ